(بحوالہ مختصر سیرۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم۔ مطبوعہ مصر، داخل نصاب سعودی)

اسی طرح قیصر و کسری کے محلات میں بھی عجیب و غریب حادثہ پیش آیا

ستون مکہ میں قائم ہو گئے جب دین بیضا کے   گرے غش کھا کے چودہ کنگرے ایوانِ کسریٰ کے

الغرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے دن ساری دُنیا میں عالمی انقلابی معجزات کا ظہور ہو رہا تھا۔ اِدھر حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا اپنے اطراف عجیب و غریب نورانی شکلیں منڈلاتی ہوئی دیکھ رہی تھیں۔ ان مبارک اشکال میں حضرت بی بی مریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور فرعون کی بیوی حضرت بی بی آسیہ رضی اللہ عنہا اور کئی ملائکہ بھی شامل تھے یہ سب کے سب آپ ﷺ کی مبارکبادی دینے آئے تھے۔

فرشتوں کی سلامی دینے والی فوج کہتی تھی   جناب آمنہ سنتی تھی یہ آواز آتی تھی

سلام

السلام اے پیشوائے انبیاء   السلام اے مقتدائے اولیاء
السلام اے قبلہ گاہِ اہلِ دین   السلام اے بادشاہِ مرسلین
السلام اے دستگیرِ بے کساں   السلام اے چارۂ دردِ نہاں
السلام اے شاہِ شاہاں السلام   السلام اے جانِ جانان السلام
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ   الصلوٰۃ والسلام علیک یا نبی اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ   الصلوٰۃ والسلام علیک یا ظہور اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا نور اللہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آمد خیر الوریٰ کی دھوم ہے ☆ جلوہ نور خدا کی دھوم ہے

الغرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے وقت سارے روئے زمین پر بڑے بڑے حیران کن معجزات کا ظہور ہونے لگا۔ لہٰذا ۱۵/ رجون ۵۶۹ء کے موسم بہار میں ۱۲/ ربیع الاول کو دوشنبہ کے دن فجر کے عین سہانے وقت رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوگئی۔

مبارک ہو کہ ختم المرسلین تشریف لے آئے ☆ جناب رحمتہ للعلمین تشریف لے آئے

رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم جیسے ہی تولد ہوئے آپ ﷺ سجدہ کی حالت میں تھے اور اپنی امت کے لئے مغفرت کی دُعا فرما رہے تھے' آپ ﷺ کی ولادت کے فوری بعد ہر طرف نور ہی نور نظر آ رہا تھا اور غیب سے عجیب وغریب ندائیں آ رہی تھیں

ندا آئی دریچے کھول دو ایوانِ قدرت کے نظارے خود کریگی آج قدرت شانِ قدرت کے سہابِ نور
آ کر چھا گیا مکہ کی بستی پر ہوئی رحمت کی بارش ہر بلندی اور پستی پر
یکا یک ہوگئی ساری فضا تمثیل آئینہ نظر آیا معلق عرش تک یک نور کا زینہ
ہوا عرشِ معلیٰ سے نزول رحمت باری تو استقبال کو اٹھی حرم کی چاردیواری

رسول اللہ صلی للہ علیہ وسلم کی ولادت کے ساتھ ہی کعبۃ اللہ کے اندر ۳۶۰ بت سرنگوں ہو کر گر پڑے۔

عجب دیکھا تماشہ جا کے بیت اللہ کے اندر ہو اللہ احد کہتے تھے بت سجدے میں گر گر کر

آپ ﷺ کی ولادت کے دن شہر فارس میں عجیب تماشہ ہو گیا یعنی آتشکدہ بجھ گیا۔

سرے فاران پر لہرانے لگا جب دین کا جھنڈا ☆ ہوا ایک آہ بھر کر فارس کا آتش کدہ ٹھنڈا

اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھئے کہ ابابیل جیسے نازک اور چھوٹے چھوٹے پرندوں سے ہاتھی جیسے دُنیا کے سب سے بڑے جانوروں کے لشکر کا قلع قمع ہوگیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ بھی نورِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہی معجزہ تھا جیسا کہ کہا گیا:

یہ زندہ معجزہ دکھلا دیا اس مہرِ انور نے جنابِ آمنہ کے گھر میں پیدا ہونے والے نے
(حفیظؔ)

الغرض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ولادت کے دن جیسے جیسے قریب آرہے تھے ویسے ویسے ساری روئے زمین پر عجیب و غریب معجزات کا ظہور ہو رہا تھا۔ ایسے میں ایک عظیم حادثہ پیش آیا کہ حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا کے سرتاج حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا' گویا آپ بیوہ ہوگئیں اور شکمِ مادر میں رسول اللہ صلی اللہ علی وآلہ وسلم یتیم ہوگئے۔ یہ حال دیکھ کر فرشتے بھی رو رہے تھے ؎

دی یہ خالق نے فرشتوں کو خبر ہے ہماری خاص احمد پر نظر

روزِ ازل سے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا اعلان ہو رہا تھا جیسا کہ قرآن میں ہے۔

خلیل اللہ علیہ السلام کی دُعا: رَبَّنَا وَابۡعَثۡ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا مِّنۡهُمۡ (البقرہ ۱۲۹)

اے ہمارے رب بھیج ان میں ایک رسول ان میں سے۔

روح اللہ علیہ السلام کی بشارت: وَمُبَشِّرًا بِرَسُوۡلٍ يَّاۡتِىۡ مِنۡۢ بَعۡدِى اسۡمُهٗۤ اَحۡمَدُ (الصّف۔ ٦) بشارت سناتا ہوں جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان کا نام احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے۔ اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کی دُعا ہوں۔ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں اور میری امی بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا کا خواب ہوں جو انہوں نے میری پیدائش کے وقت دیکھا تھا۔ (مشکوٰۃ ج ۲۔ ۵۴۸۱ شرح السنہ)

بجلی کی چمک، بادل کی گرج، پرندوں کی چہک، پھولوں کی مہک، آبشاروں کا گرنا، جھیلوں کا جھرنا، موسم کے بہار، باغوں کے نکھار، الغرض ساری کائنات کے رنگارنگ بہاریں بالکلیہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے کرشموں کا ہی ظہور ہے جیسا کہ حدیث قدسی ہے۔ لولاك لما خلقت الافلاك۔ مطلب یہ ہے کہ اے میرے حبیب یہ ساری کائنات تمہارے ظہور کے لئے ہی پیدا کی گئی ہے۔

نور محمدی ﷺ بطن مادر میں جلوہ گر ہو گیا

نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پے در پے منتقل ہوتے ہوئے خاندان بنی ہاشم میں آ گیا اور حضرت عبدالمطلب اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہا کی مقدس پیشانیوں سے منتقل ہوتا ہوا حضرت بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن میں جلوہ گر ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تولد ہونے کے لئے ابھی ۵۰ دن باقی تھے کہ خاص مکہ شریف میں ایک عظیم معجزہ ظاہر ہو گیا جس کا تفصیلی ذکر قرآن پاک کے سورہ فیل میں موجود ہے۔

ابرہہ آشرم ملکِ یمن اور حبشہ کا بادشاہ کعبۃ اللہ کو ڈھانے کے لئے ہاتھیوں کا لشکر لے کر آ گیا اور مکہ پر چڑھائی کر دیا۔ جیسے ہی بادشاہ کے ہاتھیوں کا لشکر آگے بڑھا، یکایک سمندر کی طرف سے ابابیلوں کے کئی جتھے اُڑتے ہوئے آ گئے جن کے چونچ اور پنجوں میں ایک ایک کنکری تھی یہ ابابیل اپنی اپنی کنکریاں ہاتھیوں کے لشکر پر برسانے لگیں۔ ہاتھی یا سپاہی جس پر بھی یہ کنکری گرتی وہ مر کر ڈھیر ہو جاتا۔ جیسا کہ کسی نے کیا خوب کہا ہے ۔

بلندی سے ابابیلوں نے پھینکے اس طرح کنکر   کہ چھلنی کی طرح سے چھد گئی وہ فوج بداختر
وہ ہاتھی اور وہ لشکر اور ان کے ہانکنے والے   خدا کے قہر نے ایک آن میں پامال کر ڈالے (حفیظ)

نارِ نمرود کو کیا گلزار   دوست کو یوں بچا لیا تو نے

جیسے ہی نور محمدی ﷺ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی پیشانی میں منتقل ہوا یہاں بھی اپنا اعجاز دکھانے لگا یعنی حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبیح ہونے سے بچالیا اور پھر یہاں سے مقدس اور متبرک پیشانیوں سے ہر زمانہ میں منتقل ہوتا رہا اور جہاں جن کی پیشانی میں ظاہر ہوتا تو ان کو قدرت کی طرف سے خاص اعزاز و اکرام سے نوازا جاتا۔

نور محمدی ﷺ کے طفیل ہر نبی کو اعزاز عطا ہوا

چنانچہ تمام آسمانی کتابیں اور صحیفے اپنی اپنی زبان حال سے کہہ رہے ہیں کہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے و طفیل اور فیضان سے حضرت آدم علیہ السلام صفی اللہ بنائے گئے۔

☆ اسی نور کے پرتو سے حضرت نوح علیہ السلام نجی اللہ بنائے گئے

☆ اسی نور کی برکت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ بنائے گئے

☆ اسی نور کے اعجاز سے حضرت اسماعیل علیہ السلام ذبیح اللہ بنائے گئے

☆ اسی نور کے کرشمے سے حضرت داؤد علیہ السلام خلیفۃ اللہ بنائے گئے

☆ اسی نور کی عنایت سے حضرت سلیمان علیہ السلام صاحب مملکت بنائے گئے

☆ اسی نور کی جھلک سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کلیم اللہ بنائے گئے

☆ اسی نور کے تصدق سے حضرت یوسف علیہ السلام صدیق اللہ بنائے گئے

☆ اسی نور کے کمال سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ بنائے گئے

تمام و کمال انبیاء و رسل علیہم السلام کو جو جو خطابات اور اعزازات عطا ہوئے وہ سب کے سب نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا صدقہ و طفیل ہی تھا بلکہ کائنات کے ذرہ ذرہ میں جو کمالات نظر آرہے ہیں وہ بھی نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے کرشمے ہی ہیں مثلاً سورج کی روشنی، چاند کا نور،

کی پیشانی یں چمکتا رہا اور یہی نور حضرت شیث علیہ السلام کی پیشانی میں جگمگا رہا تھا اور یہی نور عالم گیر طوفان میں حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کا رہنما تھا جیسا کہ شاہنامہ اسلام میں لکھا ہوا ہے۔

نگاہ غور سے دیکھو ذرا آدم کی پیشانی   نظر آتی نہیں کیا ایک خاص الخاص تابانی
وہ نور احمدی جس سے شرف تھا روئے آدم کا   ہدایت کے لئے تاریکیوں میں پئے بہ پئے چمکا
جناب شیث کا روئے منور اس سے روشن تھا   یہی ادریس کی لوحِ جبیں پر جلوہ افگن تھا
اسی کے دم سے مرسل کا شرف تھا نوعِ انسان میں   یہی قبلہ نما تھا نوح کے بیڑے کا طوفاں میں
اسی نے غرق ہونے سے بچائی کشتی ہستی   ہوئی آباد اسی کے دم سے پھر اجڑی ہوئی بستی
اسی جانب اشارہ تھا صحفوں کی بشارت کا   اسی سے سلسلہ چلتا رہا رشد و ہدایت کا
یہی وہ نور ہے جس سے زمانہ جگمگائے گا   یہی آدم کا رتبہ عرش آعظم تک اٹھائیگا

نور محمدی ﷺ سے ہر دور میں کرشمہ

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ آیا تو نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم السلام کی پیشانی میں چمکنے لگا۔

نمرود جو خدائی دعوی کر رہا تھا تو اس کے مقابل حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پیشانی میں منور تھا۔ اس کی برکت سے نمرود کی آگ نہ صرف ٹھنڈی ہوئی بلکہ آپ پر گلزار بن گئی جیسا کہ قرآن میں ہے۔ (انبیاء ٦٩)

بروئے کار آیا آج بھی وہ نورِ پیشانی   ہوئی آگ ایک پل میں کوثر و تسنیم کا پانی   حفیظؔ

ہاں ہاں! وہی نور پیشانی یعنی نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا معجزہ دکھادیا یعنی نار نمرود باغ و بہار بن گئی۔

بہترین سبق مل گیا کہ جو اکڑ گیا وہ اکھڑ گیا جو جھک گیا وہ بچ گیا یعنی فرشتے تعظیم کے لئے سجدے میں جھک گئے تو بچ گئے۔ کسی نے کیا ہی اچھا کہا ہے:

ہوا ابلیس اسی کے سامنے جھکنے سے انکاری   یہی تھا امتیاز آدم کا جس سے جل گیا ناری   حفیظؔ

ہمارے اپنے وجود میں بھی نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موجود ہے قرآن کریم میں کھلے طور پر فرمایا گیا ہے کہ اَلـنَّبِیُّ اَوۡلٰی بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ (احزاب۔۶) یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مومنین کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہیں پس اسی لئے روح ہمارے جسم سے آسانی سے نکلنا نہیں چاہتی لیکن حکم الٰہی کے تعمیل میں بہ ہزار مجبوری ہمارے ہر بال اور ہر ایک رگ میں چھپ چھپ کر بادل ناخواستہ نکلنا ہی پڑتا ہے۔

نور محمدی ﷺ ہر قرن میں ظاہر ہوا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو بنی آدم کے بہترین طبقوں میں قرن کے بعد قرن یعنی ہر (زمانہ) قرن میں پیدا کیا گیا یہاں تک کہ میں اس قرن میں پیدا ہوا جس قرن میں کہ میں ہوں۔

(مشکوٰۃ المصابیح جلد دوم حدیث ۵۴۶۲‘ بخاری شریف)

مندرجہ بالا حدیث شریف میں صاف صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ نور محمدی صلی اللہ وآلہ و سلم ہر زمانہ میں خاص خاص طبقوں میں خاص خاص اعزازات کے ساتھ پاک نفوس کی پاک پیشانیوں میں ظاہر ہوتا رہا ہے جیسا کہ بعض احادیث میں روایت ہے کہ

☆ نور محمدی ﷺ کبھی عرش علی کی زینت بنا ہوا ہے   ☆ کبھی حضرت آدم علیہ السلام

نور محمدی ﷺ کے لئے تعظیمی سجدہ

نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود سے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کا حکم ہوا چونکہ مجسمہ آدم مکان تھا اور نور محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) مکین تھا۔ اسی لئے خود اللہ تعالیٰ سجدہ کا حکم فرمایا تھا۔ جیسا کہ قرآن میں ہے۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ۔ اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰافِرِیْنَ۔ (بقرۃ۔۳۴)

اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے کہ وہ منکر ہوا اور غرور کیا اور کافر ہو گیا۔

یعنی جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کریں پس سب سجدے میں گر گئے لیکن ابلیس نے نافرمانی کرتے ہوئے آدم کو سجدہ نہ کیا بلکہ تکبر اور گھمنڈ سے اکڑ گیا جس کی وجہ سے مردودِ لعنتی اور ملعون بن گیا۔ روایت ہے کہ سجدہ کرنے والوں میں سب سے پہلے حضرت جرائیل علیہ السلام ہیں اس کے بعد تین بڑے فرشتے اور پھر ان کے بعد تمام فرشتوں نے سجدہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سجدہ بے حد طویل تھا' یعنی ظہر تا عصر سجدہ کئے یا ایکسو برس تک یا پانچ سو برس طویل سجدہ تھا۔ (تفسیر نعیمی ص ۱۱)

یہ سجدہ سجدۂ عبادت نہیں تھا بلکہ بالکلیہ سجدۂ تعظیمی تھا پہلے کی شریعتوں میں سجدۂ تعظیمی جائز اور جاری تھا اور اب ہماری شریعت محمدی ﷺ میں منسوخ ہو گیا۔ کسی عارف نے کیا ہی اچھی بات کہی کہ ابلیس عالم تھا لیکن عارف نہیں تھا اس نے آدم کو دیکھا لیکن آدم میں کیا تھا' دیکھ نہ سکا' اس لئے انکار کیا اور غرور میں اکڑ گیا تو دربار الٰہی سے اکھڑ گیا۔

جو اکڑ گیا وہ اکھڑ گیا ابلیس کے غرور میں اکڑنے سے ہم کو

(۲)عن العرباص بن ساريه عن النبى صلى الله عليه و سلم انى عندالله فى ام الكتاب خاتم النبين و ان آدم لمنجدل فى طينه. (بحوالہ صحاح ستہ)

مطلب: فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس وقت خاتم النبین بنا دیا گیا تھا جب کہ آدم علیہ السلام کا پتلہ تیار ہی نہیں ہوا تھا۔ مندرجہ بالا احادیث سے ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی وقت نبوت عطا کر دی گی بلکہ خاتم النبین بھی بنا دیا گیا تھا جبکہ ابھی حضرت آدم علیہ السلام کا مجسمہ تیار بھی نہ ہوا تھا اور جیسے ہی تیار ہوا سارے ارواح کو جمع کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اعلان کر دیا جا کر حلف وفاداری لیا گیا تھا۔

ایک روایت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کے شانوں پر دست قدرت سے مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰه خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ صاف اور کھلی طور پر لکھا ہوا تھا۔ (بحوالہ ترجمان السنہ مولانا بدر عالم) یعنی حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ پس اس سے ظاہر ہو گیا کہ آپ سے ہی نبوت شروع ہوئی اور آپ ﷺ پر ہی نبوت ختم ہو چکی۔ اگر کسی کو شک ہو تو وہ قرآن دیکھ لے۔

مَاکَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ وَکَانَ اللّٰهُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا. (سورہ احزاب۔ آیت ۴۰)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں، ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

میرے ایمانی بھائیو! روز میثاق میں جب اولاد آدم سے اقرار لیا تو تمام عام انسانوں کو چلے جانے کی اجازت مل گئی اور تمایم انبیا و رسل علیھم السلام کی ارواح کو دربار الٰہی میں روک لیا جا کر ان سب سے ایک خاص عہد یعنی حلف وفاداری لیا گیا کہ جب میرا حبیب (رسول) کتاب اور حکمت لے کر تمہارے پاس آئے (تمہارے زمانے میں آئے) تو دیکھو تم پر یہ ضروری ہے کہ تم اس پر ایمان لے آو اور اسکی مدد کرو پھر اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بولو میرے حبیب پر ایمان لانے کے لئے تیار ہو یا نہیں؟ مدد کرنے کے لئے تیار ہو کہ نہیں؟ تمام انبیاء و رسل علیھم السلام کی روحوں نے جواب دیا کہ اقررنا: یعنی ہاں! ہم نے اقرار کیا یہ اقرار دراصل حلف وفاداری ہی تھا۔

میرے ایمانی بھائیو! اللہ تعالیٰ کے فرمان پر انبیاء ورسل علیہم السلام کا اقرار کرنا کافی تھا لیکن اللہ تعالیٰ اس حلف وفاداری کی اہمیت جتانے کے لئے انبیاء علیہم السلام کو ایک دوسرے پر گواہ بنا دیا یعنی ایک ایک نبی اور پیغمبر پر ایک لاکھ ۲۳ ہزار ۹۹۹ گواہ ہو گئے اور آخر میں اللہ تعالیٰ بھی اپنی شان سے فرما رہا ہے کہ تمہارے اس اقرار کی بھاری ذمہ داری لے کر میں خود بھی گواہ ہوں۔ اللہ اکبر۔ یہ کتنا اہم اقرار اور حلف وفاداری ہے کہ ایک ایک پیغمبر پر ۱۲۴۰۰۰ گواہ مقرر ہو رہے ہیں۔

ہر نبی کا کلمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ اللہ تعالیٰ کو ایک ایک نبی اور رسول سے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے حلف وفاداری دلا کر اتنے کثیر التعداد گواہ بنانے کی کیا ضرورت تھی؟ کیا انبیاء ورسل علیہم السلام اپنے حلف وفاداری سے مکرنے (پلٹنے) والے تھے؟ ایسا تو ہرگز گمان بھی نہیں ہوسکتا۔ پس اس سے یہ راز ظاہر و باہر ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی عظمت وشان اور بزرگی تمام انبیاء ورسل علیہم السلام پر واضح کرنا چاہتا۔ تھا تا کہ ہر نبی اور رسول اپنی اپنی امتوں سے اپنا کلمہ پڑھوائے اور خود نبی اور رسول اپنا کلمہ، کلمہ

ہے۔ ہم گواہ ہوئے کہ کہیں قیامت کے دن کہو کہ ہمیں اس کی خبر نہ تھی۔

جب ساری اولاد آدم سے اللہ تعالیٰ نے سوال کیا۔ الست بربکم یعنی کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ اس سوال پر سارے بنی آدم حیران تھے کہ کیا جواب دیں۔ پس سب سے پہلے نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا کہ بلٰی شھدنا۔ یعنی ہاں ہاں بے شک تو ہمارا رب ہے یہ سن کر سارے بنی آدم نے بھی یہی جواب دیا کہ ہاں! ہاں!! بے شک تو ہمارا رب ہے۔ اس کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے فرمایا پس اب تم سب چلے جاؤ۔ یعنی انبیاء ورسل علیہم السلام کے علاوہ سب کو چھٹی مل گئی۔

نور محمدی ﷺ کی عظمت وشان کیلئے انبیاء سے اقرار

وَاِذَا خَذَاللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَ لَتَنْصُرُنَّهٗ قَالُوْاَقْرَرْ تُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ۔ قَالُوْآ اِقْرَرْنَا۔ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۔ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰالِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

(ال عمران۔۸۱،۸۲)

اور یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو جو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور بہ ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور بہ ضرور اس کی مدد کرنا۔ فرمایا کیوں تم نے اقرار کیا؟ اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا؟ سب نے عرض کیا ہم نے اقرار کیا۔ فرمایا تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں تو کوئی جو اس کے بعد پھرے تو وہی لوگ فاسق ہیں۔

اور عرض کیا اے اللہ! یہ مجسمہ بڑا تنگ و تاریک اور وحشتناک ہے میں اس میں نہیں رہ سکتی۔

پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت آدم علیہ السلام کے مجسمہ کی پیشانی میں رکھا۔ اس کے بعد پھر حکم دیا کہ اے روح! داخل ہوجا۔ پس روح داخل ہوکر اندر ہی رہ گئی اور حضرت آدم علیہ السلام کا مجسمہ متحرک ہوگیا۔ آدم علیہ السلام بن گئے اور ہم سب آدمی ان ہی سے پیدا ہوئے۔ (ص۲۰۷)

اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے اس کو معلوم تھا کہ روح داخل ہوکر پھر نکل آئے گی۔ پھر آدم کی پیشانی میں نور محمدی ﷺ رکھنا پڑے گا اور اس نور کی برکت سے ہی روح اندر ٹھہرے گی۔ پھر پہلے ہی نور محمدی کا چراغ کیوں نہیں جلایا گیا؟ اس سوال کا صرف ایک ہی جواب ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ دکھانا مقصود تھا کہ نور محمدی ﷺ کے صدقے و طفیل میں ہی آدم علیہ السلام میں روح ٹھہری اور یہ سارے آدمی وجود میں آئے اور آتے رہیں گے۔

نور محمدی ﷺ روز میثاق

جیسے ہی حضرت آدم علیہ السلام بن گئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی پشت میں تمام بنی آدم کو جذب کردیا پھر اس کے بعد روز میثاق میں آدم علیہ السلام کی پشت سے سارے بنی آدم کو نکال کر اقرار لیا۔ جیسا کہ قرآن میں ہے واذاخذ ربك من بنی آدم من ظهور هم ذریتهم واشهدهم علی انفسهم الست بربکم قالو بلیٰ. شهدنا. ان تقولوا یوم القیمة انا کنا عن هذا غفلین (اعراف:۱۷۲)

اور اے محبوب! یاد کرو جب تمہارے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی نسل نکالی اور انھیں خود ان پر گواہ کیا۔ کیا میں تمہارا رب نہیں؟ سب بولے کیوں نہیں۔ ضرور تو ہی ہمارا تب

ارواح عالمین کا اجتماع

انبیاء ورسل علیھم السلام کی ارواح کے بعد صدیقین، مومنین وغیرہ کی ارواح پیدا کی گئیں اس کے بعد سلسلہ درسلسلہ عرش اعلیٰ، کرسی، لوح محفوظ اور قلم وغیرہ بھی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے ہی پیدا کئے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے جیسے ہی قلم کو پیدا فرمایا تو حکم دیا کہ اولین وآخرین ساری کائنات اور جن وانسان کی اچھی اور بُری تقدیر لکھ دے۔ پس قلم سب کی تقدیر لکھ کر خشک ہو گیا اب مزید تقدیر بدلنے والی نہیں ہے جیسا کہ قرآن شریف میں لکھا ہوا ہے۔ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ (سورہ آیت)

عرش و کرسی اور قلم وغیرہ کے بعد ملائکہ، جنت ودوزخ، ستارے سیارے، زمین وآسمان، شمس وقمر، شجر وحجر اور دریا و پہاڑ الغرض تمام کائنات یکے بعد دیگرے وجود میں آتی گئی۔ پھر جنات پیدا کئے گئے اس کے بعد سب سے آخری مخلوق آدم علیہ السلام مٹی سے بنائے گئے جیسا کہ قرآن شریف میں ہے۔ اِذْقَالَ رَبُّکَ لِلْمَلٰئِکَةِ اِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا مِنْ طِيْنٍ (صٓ. ۷۱) جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا میں مٹی سے انسان بناؤں گا۔

حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق

جیسے ہی آدم علیہ السلام کا مجسمہ تیار ہو گیا۔ یہ ایسا مجسمہ ہے جس میں منہ ہے مگر گویائی نہیں، آنکھیں ہیں مگر بینائی نہیں، کان ہیں مگر سماعت نہیں اور پیر بھی ہیں مگر چلنے کی سکت نہیں ہے۔ اب اس مجسمہ کو گویائی دینا ہے اور سماعت بھی عطا کرنا ہے۔ اسی طرح اس کو زندگی عطا کرنا ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے روح کو حکم دیا کہ اے روح! داخل ہو جا، پس روح مجسمہ میں داخل ہوئی اور تھوڑی دیر مجسمہ میں گھوم کر واپس نکل آئی۔ روح کو صرف داخل ہونے کا حکم ہوا تھا۔ داخل ہو کر اندر ہی رہنے کا حکم نہ تھا۔ اس لئے روح کو نکلنے کا موقع مل گیا اور وہ فوراً نکل

قرب الٰہی

نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب رب العلمین کی طرف سے خاص خاص رحمتیں برکتیں اور عنایتیں ہونے لگیں تو نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے خالق کے آگے شکر ادا کرتے ہوئے لاتعداد صدیوں تک سجدہ ریز ہو گیا اور سجدہ ہی وہ خاص عبادت ہے جو بندے کو اپنے رب کے بالکل قریب کر دیتی ہے۔ سجدے کی حالت میں نور محمدی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کیا کیا دیکھ کر‘ کیا کیا سیکھ کر اور کیا کیا بن کر آیا ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ.

تخلیق کائنات کا آغاز

ارواح انبیاء علیہم السلام

نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لاتعداد صدیوں کے سجدہ شکر کے بعد جیسے ہی سجدے سے سر اٹھایا تو یکایک محسوس کیا کہ جو حلاوت‘ لذت‘ سکون اور تسکین حالت سجدہ میں تھی‘ سجدے سے اٹھ جانے کے بعد باقی نہ رہی اور اس احساس کے ساتھ ہی نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پسینے کے قطرات نمودار ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ نے نور محمدی ﷺ کے پسینے کے قطرات سے تمام انبیاء ورسل علیہم السلام کی ارواح کو پیدا کر کے ایک ایک نبی کی روح کو نورانی قندیل میں رکھ کر نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اطراف آویزاں فرما دیا۔ تمام پیغمبروں کی ارواح جیسے ہی نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسبیح وتہلیل سنتے تو سب کے سب شاگردوں کی طرح تسبیح وتہلیل میں مصروف ہو جاتے۔

لیتا ہے تو میری رحمت کو جوش آتا ہے اور اس کے لئے جنت واجب کر دیتا ہوں۔

جیسا کہ حدیث شریف ہے۔ من قالے لآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ مُحَمّدُ رَّسُوُلُ اللّٰہ مخلصافد خل الجنته۔ (طبرانی۔ شیخین)

نور محمدی ﷺ کی عبادات

بالآخر اللہ تعالیٰ نے نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مستقل طور پر قرار بخش دیا اور جب نور محمدی ﷺ قائم و مستقر ہو گیا تو اپنے خالق کے آگے ہزار ہا برس حالت قیام میں کھڑا رہا پھر ہزار ہا برس حالت رکوع میں جھکا رہا پھر ہزار ہا برس حالت سجدے میں رہا پھر ہزار ہا برس حالت قعدہ میں رہا نور محمدی ﷺ جیسے ہی دُعاؤں میں مشغول ہوا رب غفور کی دریائے رحمت میں جوش آ گیا اور نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خاص خاص عنایات و برکات اور انوار کا نزول ہونے لگا یعنی اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کاملہ سے کیا کیا سکھا دیا' کیا کیا دکھا دیا' کیا کیا بنا دیا' کیا کیا دے دیا' اور کیا کیا بشارتیں دی گیئں۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

پس ہم کتنے خوش نصیب ہیں کہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ و طفیل میں نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجموعی ادائیں نماز کی شکل میں ہم سب (پوری امت) کو نصیب ہو گئیں۔ الحمد للہ

کیا راز ہے نماز میں سر کو جھکا کے دیکھ ملتا ہے خود خدا ذرا سجدے میں جا کے دیکھ
جاگ اٹھ سجدہ تو کر رو کر دُعائیں مانگ لے بات تیری کونسی اللہ نے مانی نہیں

وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کا سب سے پہلا کلام یا کلمہ ‘‘مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہ’’ ہے اور نور محمدی ﷺ بعد میں پیدا ہوا اور نور محمدی ﷺ کا سب سے پہلا کلام یا کلمہ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا الـلّٰہُ’ اللہ تعالیٰ پہلے تو اللہ تعالیٰ کا کلام بھی پہلے اور نور محمدی ﷺ بعد میں تو نور محمدی ﷺ کا کلام بھی بعد میں ہونا چاہئے تھا۔ مندرجہ بالا کلام یا کلمات سے یہ بات صاف ظاہر ہو رہی ہے کہ صحیح اور سیدھا کلمہ طیبہ پہلے مُحَمّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور بعد میں ‘‘لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ’’ ہونا تھا اسی لئے ہمارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت اسلام کی دعوت عطا فرمائی تو سارے اہل مکہ کے سامنے فاران کی چوٹی پر کھڑے ہو کر پہلے اپنے آپ کو ہی پیش فرمایا۔ پوچھا کہ اے لوگو! میں کیسا ہوں؟ جب سب لوگوں نے آپ کو امین اور صادق کہہ کر قبول کر لیا تو بعد میں توحید یعنی ‘‘لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہِ’’ کی دعوت عطا فرمائی۔

ہمارا اپنا کلمہ: اللہ تعالیٰ نے ‘‘لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ مُحَمّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہ’’ ازل سے ہی مقرر فرما دیا۔ ‘‘مُحَمّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ’’ کے بجائے پہلے ‘‘لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ’’ بعد میں ‘‘مُحَمَّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہ’’ کیوں کر مقرر ہوا۔ اس کو سمجھانے کے لئے ایک بہت طویل وقت چاہئے لیکن ایک عاشق رسول کے انداز میں سمجھا دیا جائے تو چند لمحوں میں بات آسانی سے سمجھ میں آ جائے گی۔ وہ یہ ہے کہ ایک عاشق رسول نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا کہ اے میرے اللہ! تو نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت بڑی محبت کا دعویٰ فرمایا ہے لیکن اپنے محبوب کے نام ‘‘محمد رسول اللہ’’ کو کلمہ میں بعد میں رکھا ہے اور پہلے اپنا نام ‘‘لَآ اِلٰـہَ اِلَّا الـلّٰـہِ’’ رکھا ہے۔ کیا یہی تیری محبت کا ثبوت ہے؟ اس نرالے سوال پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہامی جواب آیا کہ ارے نادان! تو نہیں جانتا کہ بندے کا منہ گندہ ہوتا ہے۔ جب بندہ ‘‘لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہِ’ کہتا ہے تو بندے کا منہ، دل اور روح دھل کر پاک ہو جاتے ہیں جب بندہ پاک منہ سے میرے محبوب کا نام

اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے جبرئیل! میری پیشانی ذرا غور سے دیکھو۔ پس جیسے ہی انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک پیشانی کو غور سے دیکھا تو یکا یک جبرئیل علیہ السلام کو وہی نور نظر آ گیا جو عرش اعلی پر طلوع ہوا کرتا تھا۔ اس نور کی ایک جھلک دیکھتے ہی جبرئیل علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے اور جب ہوش آیا تو عرض کیا۔ والله اعلم بالصواب اسی لئے بزرگان دین نے فرمایا لا یمکن الثناء کما کان حقه بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اللہ محمد کا ایک بھید ایک موتی کے دو چھید

نور محمدی ﷺ کا ظہور

محدث کی پکار: حضرت الشیخ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ جب میرے اللہ نے نور محمدی ﷺ کو پیدا کرنا چاہا تو بڑے ہی عشق و محبت سے فرمایا مُحَمَّدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ اس فرمان کے ساتھ ہی نور محمدی ﷺ پیدا ہو گیا اور جیسے ہی نور محمدی ﷺ پیدا ہو گیا' اللہ تعالیٰ کی وحدت (واحدیت' واحدنیت) کا جلوہ دیکھتے ہوئے عشق الہٰی میں ڈوب کر پکار اٹھا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہِ اس پکار کے ساتھ ہی نور محمدی ﷺ جلوہ وحدت میں فنا ہو گیا اور پھر جیسے ہی اللہ تعالیٰ نے فرمایا مُحَمَّدُ رَسُوْلُ اللّٰہِ تو پھر نور محمدی ﷺ ظاہر ہو گیا۔

میرے ایمانی بھائیو! یہ فنا و بقا کا سلسلہ کتنے قرنوں اور کتنے صدیوں تک چلتا رہا

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔ یعنی اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔

اصل کلمہ: مُحَمّدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہِ ہے یہاں ایک خاص نکتہ پیش خدمت ہے۔

لاموجود الا اللہ

میرے ایمانی بھائیو! ایک حال ایسا بھی تھا کہ

نہ جسم تھا نہ جسمانیات   نہ فضا تھی نہ فضائیات   نہ فلک تھے نہ فلکیات
نہ عرش تھا نہ عرشیات   نہ مکان تھے نہ مکانیات   نہ زمان تھے نہ زمانیات
نہ ملک تھے نہ ملکیات   نہ نور تھا نہ نوریات   نہ روح تھی نہ روحانیات

واللہ! کچھ بھی نہیں تھا، صرف گنج مخفی تھا یعنی ہر طرف ہر آن صرف اللہ ہی اللہ تھا بلکہ اللہ تعالیٰ کو اللہ کہنے والا بھی کوئی نہ تھا جیسا کہ فرمایا گیا۔ **فقد قال الله تعالى فى لحديث القدسى كنت كنزا مخفيا فاحببت ان اعرف به فخلقت نور محمد ﷺ** (حدیث قدسی) اللہ تعالیٰ حدیث قدسی میں ارشاد فرما رہا ہے کہ میں چھپا ہوا خزانہ تھا۔ پس میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں پس میں نے نور محمد ﷺ کو پیدا کر دیا۔

نور محمدی ﷺ کا پتہ

روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا کہ اے جبرئیل! تمہاری کیا عمر ہے؟ یہ سنتے ہی انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں جس وقت پیدا ہوا تھا اس وقت عرش اعلیٰ پر ایک نور کو دیکھا اور وہ نور ستر ہزار برس میں ایک مرتبہ نظر آتا تھا اور میں نے اس نور کو ستر ہزار دفعہ دیکھا ہے۔ پس آپ اس سے میری عمر کا اندازہ لگا لیجئے۔ یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم آج بھی اس نور کو پہچان سکتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا ہاں ہاں یا رسول اللہ! وہ نور میرے تصور میں جما ہوا ہے۔ پس رسول اللہ صلی

میں اس وقت نبی تھا جب کہ آدم روح اور جسم کے درمیان میں ہی تھے۔

(۵) اَنَا مِنْ نُّوْرِ اللّٰہِ وَ کُل شَئی مِنْ نُوْرِیْ ۔(مفہوم احادیث) میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام چیزیں میرے نور سے ہیں۔ میں چھپا ہوا خزانہ تھا میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں پس میں نے نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو پیدا کر دیا۔ (حدیث قدسی) فرمان الٰہی کے ساتھ ساتھ فرمان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی سن لیجئے۔ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا پس میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام چیزیں میرے نور سے ہیں۔ (حدیث شریف)

عاشق کی للکار!

عاشق رسول اللہ حضرت علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے محبت و عشقِ رسول میں ڈوب کر اپنے عرفانی اور الہامی کلام سے واضح کر دیا ہے کہ نور محمدی ہی اصل کائنات ہے۔

خلق و تقدیر و ہدایت ابتداء است
رحمتہ للعلمین انتہا است
ہر کجا ہنگامہ عالم بود
رحمتہ اللعلمین ہم بود

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے
غبار راہ کو بخشا فروغ وادی سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآن وہی فرقان وہی یٰسین وہی طٰہٰ

لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب
گنبد آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حُباب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میلاد النبی ﷺ

فرمانِ الٰہی: قَدْ جَآءَ کُمْ مِنَ اللّٰہِ نُوْرُ وَّ کِتٰبُ مُّبِیْنَ ○ (مائدہ۔ ۱۵)

بے شک اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے پاس نور آیا اور روشن کتاب آئی۔

فرمانِ الٰہی: کُنْتُ کَنْزًا مَّخْفِیَا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَعْرِفَ بِہٖ فَخَلَقْتُ نُوْرَ مُحَمَّدُ صِلی اللّٰہُ عَلَیْہٖ وَسَلَّمْ (حدیث قدسی)

ترجمہ: میں (اللہ) چھپا ہوا خزانہ تھا میں (اللہ) نے چاہا کہ پہچانا جاؤں پس میں (اللہ) نے نور محمدی (ﷺ) کو پیدا کیا۔

فرمانِ رسالت: (۱) اَوَّلَ مَاخَلَقَ اللّٰہَ نُوْرِیْ (حدیث۔ مدارج۔ ج ۲۔ ص ۷)

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو وجود بخشا (پیدا کیا)

(۲) کُنْتُ نَبِیًّا وَّ آدَمَ بَیْنَ الطِّیْنِ وَالْمَآءَ (حدیث۔ شان حبیب الرحمٰن)

میں اس وقت نبی تھا جب کہ آدم مٹی اور پانی کے درمیان میں ہی تھے۔

(۳) کُنْتُ نَبِیًّا وَ اَنَ آدَمَ لَمَنْجَدَلَ فِیْ طِیْنَته (حدیث۔ مدارج النبوۃ۔ ج ۲)

میں اس وقت نبی تھا جبکہ آدم اپنے خمیر (کیچڑ) میں ہی تھے۔

(۴) کُنْتُ نَبِیّا وَآدَمَ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالجَسَدِ (حدیث۔ مدارج النبوۃ ج ۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قد جاء کم من اللّٰہ نور و کتب مبین ٥ (المائدہ۔۱۵)

میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

قرآن وحدیث کی روشنی میں

مرتبہ

مولانا غلام نبی شاہ نقشبندی قادری مجددی

ناشر: شاہ ایجوکیشنل سوسائٹی، حیدرآباد۔

پتہ: 17-2-1209/13، یاقوت پورہ۔ 23

ہدیہ: Rs. 10/-



بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسول اللہ ﷺ کی عظمت و شان اور اختیارات کا مدلل مجموعہ

اہلسنت والجماعت کے

اعلیٰ عقائد

Available in
English & Urdu

مرتبہ : مولانا غلام نبی شاہ نقشبندی قادری
فون نمبر : 9391349104

4733/2000
ناشر: شاہ ایجوکیشنل سوسائٹی حیدرآباد
ISLAMIC CENTRE FOR DA'WA
17-2-1209/13, Yakutpura, Hyd-23



قرآن تفاسیر
احادیث فقہ
تواتر

بحوالہ

اجماع تاریخ
اقوال احوال
تواتر

اسلام کیا ہے؟ سے لیکر تجہیز و تکفین تک اسلام کے 117 فرائض کا مختصر مفید اور مدلل مجموعہ
ہر فکر و نظر اور مسلک کے علمائے کرام، مشائخ عظام، زعمائے ملت کا پسندیدہ اسلام کا انقلابی شاہکار؟

اسلام کیا ہے؟

What is Islam ?

History Ijma Tafseer Quran
Ref Tawatur
Ahwal Aqual Fiqua Hadith

مسلمانوں کے لئے مضبوط اتحاد کا نادر پیغام

اتحاد زندگی ہے ! انتشار موت ہے

مرکز اشاعت اسلام
ISLAMIC CENTRE FOR DA'WA
Head Office : # 17-2-1209/13, Jawaharpura, Yakutpura, Hyderabad - 500 023
Branch : Near Madina Masjid, b/h Jubilee High School, Vijaynagar Colony, Hyderabad - 57 Tel : 66258081

Available in
English & Urdu

Publisher
Shah Educational Society
H.No. 17-2-1209/13, Yautpura, Hyd.
Ph. :9391349104

Available at
Minar Book Centre
Charminar, Hyd.-2

مولانا غلام نبی شاہ نقشبندی کی مرتبہ
انقلابی ویڈیو سی ڈی گھر گھر عام کرکے
رضائے الٰہی و رضائے رسول الٰہی ﷺ حاصل فرمائیے

میاں بیوی شیر و شکر
MIYA BIVI SHEER O SHAKAR
ماں باپ کی عظمت
MAA BAAP KI AZMAT
غوث الاعظم
GHOUS E AZAM
باطل رسوم توڑو
BATIL RUSOOM TODO
درود و سلام کے فضائل
DAROOD V SALAM KE FAZAIL
معراج النبی
MERAJ-UN-NABI
میلاد النبی
MEELADUNNABI
معجزات رسول اللہ
MOJEZAT RASOOLULLAH
نماز قائم کرو
NAMAZ QAYAM KARO
عظمت اولیاء اللہ
AZMATH-E-AULIYA ALLAH
شکوہ - جواب شکوہ
JAWAB-E-SHIKWA
کھانے پینے کے آداب
KHANE PINE KE ADAB



(ویدوں اور پرانوں کی بنیاد پر مذہبی اتحاد کی کوشش)

کلک اوتار
اور
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف

ڈاکٹر وید پرکاش اپادھیائے
ایم اے (سنسکرت۔وید) ڈی فل (مذہبی صحیفوں کے عالم) اُپ ان جرمن

ناشر
ترجمہ، طابع و ناشر
مولانا غلام نبی شاہ نقشبندی

Available in **English,**
Urdu, Hindi & Telugu

MEELADUNNABI

Sallallahu Alaihi va Sallam

Compiled by:

Moulana Ghulam Nabi Shah

Naqshbandi Qadri Mujaddadi.

Publisher:
Shah Educational Society
Hyderabad-23.